2895 - اپنی جلد کو سفید کروانے کا حکم

سوال

کیا جلد کو سفید کرانا حلال ہے یا حرام ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جلد سفید کرانے کا عمل دو طرح کا ہے:

ایك تو یہ کہ اپنا حسن و جمال اور خوبصورتی زیادہ کروانے کے لیے جلد سفید کروانے کا عمل کروانا، تو یہ جائز نہیں، کیونکہ اس میں اللہ کی بنائی ہوئی اور پیدا کردہ صورت میں تغیر و تبدل ہے، اور یہ قسم الوشم یعنی گدوانے کے ساتھ ملحق ہے جس کے متعلق اللہ تعالی کے نبی صلی اللہ علیہ نے ایسا کرنےوالے پر لعنت کی ہے.

دوسری قسم یہ ہے کہ انسان کے جسم پر کسی جگہ کوئی سیاہ دھبہ ہو مثلا ہاتھ وغیرہ پر تو اسے زائل اور ختم کروانے کی کوشش کرنا اور اس جگہ کو بھی باقی جلد جیسا بنوانا تو اس میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ یہ عیب ختم کروانے میں شامل ہو گا.

واللہ اعلم .